سوال

(358)امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا انگریزی زبان یا دیگر علوم مثلا ریاضیات وغیرہ کے کورسز میں ناجائز ذرائع استعمال کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی بھی مضمون میں ناجائز استعمال کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ امتحان کا مقصد متعلقہ مضمون میں طالب علم کی صلاحیت کو جانچنا ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں سستی و کاہلی اور دھوکہ دہی کے مرتکب کام چور کو ایک محنتی شخص پر ترجیح دینا ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

(مَن غَشَّنَا فَلَيسَ مِنَّا) (رواہ مسلم، کتاب الایمان، حدیث 164)

''جو شخص ہم کو دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔''

یہاں (غش) کا لفظ ہر چیز کےلیے عام ہے۔۔۔۔شیخ ابن جبرین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

مختلف فتاویٰ جات، صفحہ: 367

محدث فتویٰ